© rasailojaraid.com



ابوسفیان تائبؔ

# بش، بلیئر سے دوستی کیسی؟

چمکتا دور سے اکثر سراب ہوتا ہے
کرے جو پیچھا وہی آب آب ہوتا ہے
جو کروڑوں کا کھیلتا ہے جُوا
وہ پرنس اور جناب ہوتا ہے
پانچوں گھی میں ہیں چور اچکوں کی
پھر بھی خانہ خراب ہوتا ہے
بش ، بلیئر سے دوستی کیسی
آستینوں میں سانپ ہوتا ہے
ایک دھمکی ہزار شکووں کا
اس طرف سے جواب ہوتا ہے
شرف پاتا ہے وہ مشرف سے
جو بھی حاضر جناب ہوتا ہے
جو شجاعت ، جمالی جیسا ہو
بڑا عزت مآب ہوتا ہے
بات حق کی جو منہ سے کہتا ہے
وہ ہی زیرِ عتاب ہوتا ہے
وانا ، کانیگرم ، شکئی میں اب
روز یومِ حساب ہوتا ہے
ایسی باتیں نہ تم کرو تائبؔ
دل میں اک اضطراب ہوتا ہے

© rasailojaraid.com